RDA MEDIA CELL
Daily. Express
Dated: 23.01.2019

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، راولپنڈی

(اظہار دلچسپی۔ برائے باہمی شراکت اراضی)

(1) آر۔ڈی۔اے سٹی (2) آر۔ڈی۔اے آرچرڈ سکیم (فارم ہاؤس)

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ نے موجودہ حکومت کی ہاؤسنگ سے متعلق ترجیحی پالیسیوں اور جناب وزیراعظم صاحب کے پاکستان کے شہریوں کی رہائشی مشکلات کو کم کرنے کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جناب چیئرمین آر ڈی اے صاحب کی ہدایت پر عوام الناس کی رہائشی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اراضی مالکان سے مل کر " آر ڈی اے سٹی اور آر ڈی اے آرچرڈ سکیم (فارم ہاؤس سکیم)" کے نام سے دو عدد رہائشی سکیمیں شروع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ اس سلسلے میں جو مالکان اراضی راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کے ساتھ "شراکت اراضی فارمولا" کے تحت شراکت کرنا چاہیں وہ مندرجہ ذیل شرائط کو پورا کرتے ہوئے اشتہار ہذا کے شائع ہونے کے (ساٹھ ایام) کے اندر ادارہ ہذا سے رابطہ کریں۔

1۔ اراضی مالکان کم از کم چار ہزار کنال رقبہ کے مالک ہونا ضروری ہیں (آرچرڈ سکیم کم از کم دو ہزار کنال) یا اگر اس سے کم ملکیت رکھتے ہوں تو دیگر مالک / مالکان اراضی کے ساتھ گروپ کی صورت میں درخواست دے سکتا ہے۔

2۔ مطلوبہ اراضی راولپنڈی کچہری چوک سے 35 تا 45 کلومیٹر کی حدود کے اندر واقع ادیالہ روڈ، چکری روڈ، چک بیلی روڈ، فتح جنگ روڈ، موٹروے کے دونوں اطراف، جی ٹی روڈ، مری ایکسپریس وے، پرانا مری روڈ، کوٹلی ستیاں روڈ اور سنگجانی چکوال روڈ (اندر حدود ضلع راولپنڈی) ہونا ضروری ہے۔

3۔ اراضی کی ملکیت کی بابت ثبوت یعنی فرد ملکیت / رجسٹر حقداران زمین، نقل کس شجرہ کشتوار، گوشوارہ ملکیت (اراضی مالکان)، مصدقہ انتقالات کی کاپیاں، محکمہ مال سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔

4۔ تمام اراضی compact بلاک کی صورت میں ہونی چاہیے اور اراضی کا کسی بھی سرکاری راستے / شارع عام پر واقع ہونا ضروری ہے۔

5۔ اراضی مالکان ہر ایک کا انفرادی / گروپ کی شکل میں 1200 روپے کے اشٹام پیپر پر رضامندی دینا لازمی ہوگا۔

6۔ شراکت اراضی فارمولا کے تحت آر ڈی اے سٹی سکیم کے لئے اراضی مالکان کو حاصل شدہ اراضی پر ہر چار کنال اراضی کے متبادل ایک کنال کا ڈویلپ شدہ پلاٹ دیا جائے گا جو کہ ان کی ملکیتی اراضی یا اس کے قریب واقع ہوگا۔

7۔ شراکت اراضی فارمولا کے تحت آر ڈی اے آرچرڈ سکیم (فارم ہاؤس سکیم) کے لئے اراضی مالکان کو حاصل شدہ اراضی پر ہر سولہ کنال اراضی کے متبادل چار کنال کا ڈویلپ شدہ فارم ہاؤس پلاٹ دیا جائے گا جو کہ ان کی ملکیتی اراضی یا اس کے قریب واقع ہوگا۔

8۔ ہر دو منصوبہ جات میں اظہار دلچسپی رکھنے والے تمام اراضی مالکان کو شراکت اراضی فارمولا ادارہ ہذا کی دیگر شرائط کا پابند رہنا ہوگا۔

9۔ اراضی مالکان کو انفرادی / گروپ کی شکل میں بیان حلفی دینا ہوگا کہ رقبہ ہذا ہر قسم کے تنازعات سے پاک صاف ہے اور رقبہ ہذا کی بابت کوئی بھی دعویٰ تقسیم یا کوئی مقدمہ کسی بھی عدالت میں زیر سماعت نہ ہے اور موقع پر قبضہ کی ذمہ داری بھی اراضی مالکان کی ہوگی اور کسی بھی قسم کے تنازعات کی صورت میں مالکان اراضی مکمل طور پر ذمہ دار ہوں گے۔

10۔ ایسے اراضی مالکان جو کہ اس منصوبے کے لئے اہل قرار پائیں گے انہیں دفتر آر ڈی اے میں زمین کی پیشکش (اظہار دلچسپی) اور معاہدہ بابت شراکت کو مکمل کرنا ہوگا۔

11۔ حاصل کردہ اراضی کو ادارہ ہذا خود جدید طریقہ کار سے ڈویلپ کرے گا اور تمام ترقیاتی کاموں کی ذمہ داری ادارہ ہذا کی ہوگی۔

12۔ متبادل ڈویلپ شدہ پلاٹ کے ترقیاتی اخراجات کا 50K فیصد خرچ اراضی مالک ادا کرنے کے پابند ہوں گے اور اگر اراضی مالک متبادل ڈویلپ شدہ پلاٹ فروخت کرنا چاہے تو خریدار کو ترقیاتی اخراجات کا 100K فیصد خرچ ادا کرنا ہوگا۔

ڈائریکٹر جنرل، راولپنڈی ترقیاتی ادارہ
راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، لیاقت باغ مری روڈ
فون نمبر: 051-5554043 فیکس نمبر: 051-5530423

IPL-555